© rasailojaraid.com



بے شمار اہل علم وقلم نے قلم اٹھایا ہے۔ اگر چہ اس قسم کی کتابوں سے اردو کی دامن خالی نہیں تھا، لیکن وقت کے گزرنے کیساتھ ساتھ نت نئے مسائل پیش آتے رہتے تھے تو اہل علم وقلم بھی اس اسلوب اور انداز میں لکھتے رہتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ''جب قافلے حرم کو چلے'' مولانا عمر بن سعید احمد راشدی حفظہ اللہ کی ایک بہترین کاوش ہے، یہ اس موضوع پر ایک منفرد مجموعہ ہے جو اہل علم کے لئے مطالعے کی چیز ہے، اس کتاب کی اہمیت و ضرورت کیا ہے؟ اسکا مطالعہ کیوں ضروری ہے؟ اس قسم کے سوالات کے جوابات کیلئے قاری کیلئے خود کتاب کو ضرور دیکھنا پڑیگا۔ اللہ تعالیٰ موصوف کی اس علمی گلدستہ کو شرف قبولیت سے نوازے۔

● **صلوا کما رایتمونی اصلی...... تالیف: مولانا عمر بن سعید احمد راشدی**

ضخامت: ۳۶۸ صفحات ناشر: چوہدری ندیم حسین، چوہدری انور مارکیٹ سی ایم ایچ روڈ محمدی بازار جہلم کینٹ

نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے، ایمان کے بعد سب اہم اور مقدم فریضہ نماز ہی ہے، جب نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق پڑھا جائے تب وہ عنداللہ قبولیت سے نوازا جائیگا۔ اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ نماز کیا ہے؟ یہ ایک اہم سوال ہے اس اہم سوال کو حل کرنے اور اس کا مفصل، محقق اور مستند جواب کیلئے ہر زمانے اور ہر زبان میں بے شمار اہل علم نے قلم اٹھایا اور دنیا کے سامنے بے شمار تصنیفات پیش کیں اور یہ سلسلہ تا ہنوز جاری ہے اس حسین سلسلہ کی ایک کڑی مولانا عمر بن سعید احمد راشدی کی کاوش صلوا کما رایتمونی اصلی بھی ہے جو نہایت سادہ اور عام فہم زبان میں لکھی گئی ہے۔

زیر تبصرہ کتاب صلوا کما رایتمونی اصلی میں مولف موصوف نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ نماز کو دلنشین اور مختصر انداز میں مستند روایات کی روشنی میں پیش کیا ہے، کلام اللہ، کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اقوال سلف سے مزین یہ علمی گلدستہ تمام مسلمانوں کیلئے ایک قیمتی سوغات اور انمول تحفہ سے کم نہیں۔

● **ایک اسلامی سکول کے خدوخال تالیف: ڈاکٹر محمد امین (تحریک اصلاح تعلیم)**

ضخامت: ۱۹۵ صفحات قیمت: ۱۰۰ روپے ناشر: مکتبہ البرہان ۳۸۹ نیلم بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

ڈاکٹر محمد امین صاحب علمی و تحقیقی دنیا کے معروف ومشہور محقق ہیں، کئی کتابوں کے مصنف، ماہنامہ ''البرہان'' لاہور کے مدیر اعلیٰ، تعلیمی امور کے ماہر، نظام و نصاب تعلیم کے نامور محقق کے طور پر جانی پہچانی شخصیت کے مالک اور ایک راسخ العقیدہ مسلمان عالم دین بھی ہیں۔ کافی عرصہ سے وہ اسلامی نظام و نصاب تعلیم کے نفوذ و نفاذ کیلئے مساعی اور جدوجہد فرما رہے ہیں۔ زیر تبصرہ کتابچہ ''ایک اسلامی سکول کے خدوخال'' بھی اس مساعی و جدوجہد کا ایک نمونہ ہے، اس میں انہوں نے اسلامی سکول کے خدوخال پر عالمانہ و فضلانہ روشنی ڈالی ہے۔ اپنے موضوع پر اچھا رسالہ اور بہترین کاوش ہے۔

© rasailojaraid.com